13 جون 2016ء

# اسٹیٹ بینک نے پیمنٹ کارڈ کے تحفظ کے لیے ضوابط جاری کر دیے

بینک دولت پاکستان نے پیمنٹ سسٹمز اینڈ الیکٹرانک فنڈز ٹرانسفر ایکٹ 2007ء کے تحت پیمنٹ کارڈز کے تحفظ کیلئے ضوابط جاری کر دیے ہیں جن کا مقصد پیمنٹ کارڈز اور صارفین کے مفادات کے تحفظ کے لیے ادائیگی کے جدید اور مستحکم نظام کو فروغ دینا ہے۔

پاکستان میں مالی اداروں کے پیمنٹ کارڈ آپریشنز، پیمنٹ سسٹم آپریٹرز (پی ایس اوز) اور پیمنٹ سروس پرووائڈرز (پی ایس پیز) کو محفوظ بنانے کیلئے ان ضوابط میں کم از کم بنیادی آپریشنل، انتظامی، تکنیکی اور طبیعی حفاظتی خواص شامل کیے گئے ہیں۔ یہ ضابطے عملدرآمد کیلئے بین الاقوامی سطح پر اپنائے جانیوالے بہترین ضوابط اور معیارات کی بنیاد پر وضع کیے گئے ہیں۔

ان ضوابط کے مطابق کارڈ سروس پرووائڈرز، کارڈز کے تحفظ کیلئے ایک جامع حکمت عملی وضع اور اس پر عملدرآمد کریں گے، جس میں پیمنٹ کارڈز سے متعلق متعدد خطرات، کارڈ ہولڈر کے کوائف اور اس کے طریقہ استعمال کو ملحوظ خاطر رکھا جائے گا۔ ان ضوابط میں پاکستان میں یوروپے ماسٹر کارڈ ویزا (ای ایم وی) معیار کو بھی اپنائے جانے کا اختیار تفویض کیا گیا ہے تا کہ ملک کو ان ترقی یافتہ اقوام کے مساوی لاکھڑا کیا جائے جو یہ بین الاقوامی معیار اپنا چکی ہیں۔

ان ضوابط کے اجرا کا مقصد کارڈ سروس پرووائیڈرز کو اپنی معلومات کے تحفظ کے مقاصد کو اسٹیٹ بینک کے اسٹریٹجک مقاصد سے ہم آہنگ رکھنے میں مدد دینا ہے۔

یہ امر قابل ذکر ہے کہ مالی نظام کے استحکام کی بنیاد تحفظ، مسابقت اور ادائیگی کے ذرائع اور ان کے انسٹرومنٹس پر ہوتی ہے۔ لین دین کے الیکٹرانک ذرائع کے استعمال نے عوام کے لیے فوری لین دین آسان بنا دیا ہے۔ پیمنٹ کارڈ کے ذریعے لین دین کی بڑھتی ہوئی نمو کے ساتھ اس سے منسلک بڑھتے ہوئے خدشات اور کمزوریوں کے باعث اس کا تحفظ اہمیت اختیار کر گیا ہے۔ چنانچہ اسٹیٹ بینک ملک بھر میں ادائیگی کے ذرائع کے تحفظ اور سلامتی میں اضافے پر توجہ مرکوز کیے ہوئے ہے۔

***